متاعِ کارواں | سرپرست : محمد حسین ہنجرا - مدیر اعلیٰ : قاضی قادر بخش قریشی - شعبہ گورنمنٹ ایلیمنٹری (ٹیچرز ٹریننگ) کالج کی طرف سے خانپور ضلع رحیم یار خاں کی طرف سے شائع شدہ یہ علمی، تعلیمی، معلوماتی اور ادبی و شعری مجموعہ قابلِ قدر ہے - اس کو کالجوں اور مدارس کی لائبریریوں میں جگہ ملنی چاہیے -

---

انصاف | زیرِ سرپرستی ڈاکٹر محمد یونس - بہ اہتمام : روہنگیا سالیڈیریٹی آرگنائزیشن اراکان برما - قیمت فی شمارہ برائے پاک و ہند ۶ روپے - زیادہ تفصیل کے بغیر مجھے یہ کہنا ہے کہ اراکان برما کے مسلمان اس وقت انتہائی ظلم و اذیت سے گذر رہے ہیں اور ہماری حکومت اور جماعتیں اور لیڈر اور عوام سب بے حس اور خاموش ہیں - کاش کہ انصاف کا یہ پیغام آپ سن سکیں -

---

محمد اکرام قریشی کے تبلیغی پمفلٹ | ۱- ووٹ ، ووٹر اور امیدوار کی شرعی حیثیت - ۲- یتیم کا مال بلائے جان - ۳- سیرت و شہادتِ حسینؓ - ۴- زکوٰۃ کے احکام - شائع کردہ : احیائے دین لائبریری سیالکوٹ - مفت تقسیم -

---

جناب عبدالغنی میمن کا لٹریچر | عبدالغنی میمن ، سابق ایڈیٹر و پبلشر گجراتی ڈائجسٹ ، کراچی - ان کا دلچسپ اور پریشان کن لٹریچر مسلسل آتا رہتا ہے - اِس وقت : ۱- "سندھ کیسے غرق ہوگا" (خدا نہ کرے) ۲- دجال اور یاجوج ماجوج کی جنگ - اور ۳- "عربوں پر زوال" ۴- "دجال مردود کو پہچانیے" نامی چار پمفلٹ سامنے ہیں - مؤلف کو احادیث اور سائنسی ایجادات اور عالمی خبروں کے آپس میں ڈانڈے ملا کر ایک نقشہ بنانے کا ہنر آتا ہے کہ کم ہی لوگ ہوں گے جو ایمان نہ لے آئیں - ستم یہ کہ عبدالغنی صاحب حضورؐ کی ساری پیشگوئیوں کے استعارات کا مفہوم نص کی طرح متعین کر کے ۲۰۰۰ء عیسوی سے پہلے دجال اور یاجوج ماجوج کی تباہی کا ڈرامہ دکھاتے ہیں - بلکہ امت ہی کو ختم کر رہے ہیں جس طرح عالمگیر